بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# سہ ماہی امتحان (1448ھ / 2026ء)

## ای مرکز

| تخصص فی الافتاء آن لائن | کتاب المیراث | کل نمبر: 100 |
|---|---|---|

**سوال نمبر 1: درست جواب کی نشاندہی کریں:** (10 X 5 = 50)

1. میراث کا حق دار ہونے کے کتنے اسباب ہیں؟

دو

تین

چار

پانچ

2. وہ قرابت جو آقا اور اس کے آزاد کردہ غلام کے درمیان ہوتی ہے، کیا کہلاتی ہے؟

نسب

نکاح

وَلاء

مصاہرت

3. جس وارث کی وجہ سے کسی دوسرے کا حصہ کم یا ختم ہو جائے، اسے کیا کہتے ہیں؟

محجوب

محروم

حاجب

مخرج

4. موانعِ ارث کتنے ہیں؟

دو

تین

چار

پانچ

5. قتل کی کس قسم میں قاتل وراثت سے محروم نہیں ہوتا؟

قتل عمد

قتل شبہ عمد

قتل خطا

قتل بالسبب

6. خاوند کے ذمے بیوی کا حق مہر کس کھاتے میں ادا کیا جائے گا؟

تجہیز و تکفین

قرض

وصیت

میراث کا حصہ

7. مال کے زیادہ سے زیادہ کتنے حصے تک وصیت نافذ کی جاسکتی ہے؟

نصف

ایک تہائی

چوتھائی

چھٹا حصہ

8. کیا کسی شرعی وارث کے حق میں وصیت کرنا جائز ہے؟

جی ہاں، جائز ہے

ناجائز ہے

مکروہ ہے

مستحب ہے

9. ذوی الفروض سببی کون ہیں؟

ماں اور باپ

زوج اور زوجہ

دادا اور دادی

بھائی اور بہن

10. میت کی مذکر اولاد موجود ہو تو باپ کو کتنا حصہ ملتا ہے؟

نصف

ربع

ثلث

سدس

11. میت کی اولاد نہ ہونے کی صورت میں باپ کی کیا حیثیت ہوتی ہے؟

ذوی الفروض

صرف عصبہ

محجوب

حاجب

12. باپ کی موجودگی میں جدِ صحیح (دادا) کا کیا حکم ہے؟

سدس پاتا ہے

محروم ہوتا ہے

نصف پاتا ہے

عصبہ بنتا ہے

13. اخیافی بہن بھائی ایک سے زیادہ ہوں تو ان کا مجموعی حصہ کیا ہے؟

ثلث

سدس

نصف

ثلثان

14. اگر میت کا کوئی بیٹا نہ ہو اور ایک حقیقی بیٹی ہو تو اس کا حصہ کتنا ہے؟

ثلث

ربع

نصف

ثلثان

15. میت کا سگا بیٹا موجود ہو تو پوتیوں کا کیا حکم ہے؟

سدس لیتی ہیں

عصبہ بنتی ہیں

محروم ہوتی ہیں

نصف لیتی ہیں

16. ایک سگی بیٹی (جسے نصف مل رہا ہو) کی موجودگی میں پوتیوں کو کیا ملتا ہے؟

ثلث

سدس

نصف

محروم رہتی ہیں

17. باپ، دادا یا مذکر اولاد کی موجودگی میں حقیقی بہن کا کیا حکم ہے؟

نصف لیتی ہے

عصبہ بنتی ہے

محروم ہوتی ہے

سدس لیتی ہے

18. میت کی بیٹی کی موجودگی میں حقیقی بہنیں کیا بن جاتی ہیں؟

عصبہ بغیرہ

عصبہ مع غیرہ

محجوب

ذوی الفروض

19. میت کی اولاد یا دو بہن بھائیوں کی موجودگی میں ماں کا حصہ کیا ہے؟

ثلث

ربع

ثمن

سدس

20. اگر میت کی اولاد اور بہن بھائی نہ ہوں تو ماں کو کتنا حصہ ملتا ہے؟

سدس

نصف

ثلث الکل

ربع

21. ماں کی موجودگی میں کون سی جدات محروم ہو جاتی ہیں؟

صرف امویات

صرف ابویات

تمام جدات

کوئی محروم نہیں ہوتی

22. باپ کی موجودگی میں کون سی جدات محروم ہوتی ہیں؟

صرف ابویات

صرف امویات

تمام جدات

کوئی محروم نہیں ہوتی

23. جدہ صحیحہ اگر ایک سے زیادہ ہوں تو ان کا مقررہ حصہ کتنا ہوتا ہے؟

ثلث

ربع

سدس

نصف

24. وہ ورثاء جنہیں ذوی الفروض کے بعد بچا ہوا مال ملتا ہے، کیا کہلاتے ہیں؟

ذوی الارحام

موالی

عصبات

اصحاب الفرائض

25. عصبہ بنفسہ میں کون شامل ہوتا ہے؟

صرف خواتین

خاوند اور بیوی

اخیافی بہن بھائی

صرف مذکر رشتہ دار

26. بیٹیاں اور پوتیاں، اپنے بھائیوں کی موجودگی میں کس قاعدے کے تحت مال پاتی ہیں؟

الاقرب فالاقرب

للذکر مثل حظ الانثیین

تکملۃ للثلثین

جہتِ عصوبۃ

27. حقیقی اور علاتی بھائی دونوں موجود ہوں تو عصبہ کون بنے گا؟

علاتی بھائی

حقیقی بھائی

دونوں برابر

دونوں محروم

28. حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور میں پیش آنے والا 24 مخرج کا 27 کی طرف عول والا مسئلہ کیا کہلاتا ہے؟

مسئلہ تشبیب

مسئلہ منبریہ

مسئلہ ردیہ

مسئلہ عادلہ

29. کیا عول والے مسئلے میں کسی عصبہ کو حصہ ملتا ہے؟

جی ہاں، پورا مال

جی ہاں، بچا ہوا مال

نہیں، کیونکہ مال بچتا ہی نہیں

صرف قریبی عصبہ کو ملتا ہے

30. جب ذوی الفروض کو حصے دینے کے بعد ترکہ بچ جائے اور کوئی عصبہ موجود نہ ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟

عول

تصحیح

رد

حجب

31. جن پر رد نہیں کیا جاتا (مَنْ لَّا یُرَدُّ عَلَیْہِ) وہ کون ہیں؟

بہنیں

جدات

بیٹیاں

زوج اور زوجہ

32. اگر کسی وارث کی وجہ سے دوسرے وارث کا حصہ کم ہو جائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

حجبِ نقصان

حجبِ حرمان

رد

عول

33. کتنے ورثاء ایسے ہیں جن میں حجبِ حرمان (مکمل محرومی) کبھی نہیں ہوتا؟

چار

چھ

آٹھ

بارہ

34. کیا محجوب وارث کسی دوسرے کا حصہ کم یا ختم کر سکتا ہے؟

جی ہاں، کر سکتا ہے

نہیں، وہ کالعدم ہوتا ہے

صرف بیوی کا حصہ کم کرتا ہے

صرف بیٹیوں کو محروم کرتا ہے

35. کیا مانع (جیسے قتل) کی وجہ سے محروم وارث کسی دوسرے کا حصہ کم کر سکتا ہے؟

جی ہاں

صرف حجب نقصان کرتا ہے

صرف حجب حرمان کرتا ہے

نہیں، وہ کالعدم شمار ہوتا ہے

36. تصحیح کا آفاقی قاعدہ کیا ہے؟

حصوں کو نصف کرنا

حصوں کو دوگنا کرنا

ورثاء کی تعداد کا ذواضعاف اقل (LCM) لے کر ضرب دینا

حصوں کو آپس میں جمع کرنا

37. ذوی الارحام کی کتنی اقسام ہیں؟

دو

تین

چار

پانچ

38. نواسہ اور نواسی ذوی الارحام کی کس قسم میں آتے ہیں؟

پہلی قسم

دوسری قسم

تیسری قسم

چوتھی قسم

39. جب کسی ایک ہی مسئلہ میں ترکہ تقسیم ہونے سے پہلے ایک سے زیادہ اموات ہو جائیں تو اسے کیا کہتے ہیں؟

تخارج

مناسخہ

تصحیح

عول

40. مناسخہ کی صورت میں دوسری میت کا مال کن میں تقسیم ہوتا ہے؟

صرف پہلی میت کے ورثاء میں

بیت المال میں

ذوی الارحام میں

دوسری میت کے اپنے زندہ شرعی ورثاء میں

41. حمل کی میراث میں بچے کو وارث ماننے کی لازمی شرط کیا ہے؟

بچہ لڑکا ہو

بچہ لڑکی ہو

وہ اکیلا وارث ہو

بچہ زندہ پیدا ہو

42. اگر کئی افراد ایک حادثے میں فوت ہو جائیں اور تقدم و تاخر کا علم نہ ہو تو ان کی میراث کا کیا حکم ہے؟

سب کا مال ملا کر تقسیم کریں گے

ان میں سے کوئی ایک دوسرے کا وارث نہیں بنے گا

بڑے کی وراثت چھوٹے کو ملے گی

مال بیت المال میں جائے گا

43. قرآن کریم میں حضرت زکریا علیہ السلام اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی جس وراثت کا ذکر ہے، اس

سے کیا مراد ہے؟

علم و نبوت کی وراثت

مالی وراثت

سلطنت کی وراثت

زمینوں کی وراثت

44. خدمت کی وجہ سے کسی وارث کا حصہ شرعاً کتنا بڑھ جاتا ہے؟

دوگنا ہو جاتا ہے

ایک تہائی بڑھتا ہے

کوئی کمی بیشی نہیں ہوتی

وصیت کے برابر بڑھتا ہے

45. قرآن مجید میں ذوی الفروض کے لیے مقرر کردہ چھ حصوں میں درج ذیل میں سے کون سا حصہ شامل نہیں ہے؟

نصف

ثلث

سُدس

خُمس

46. باپ کو ذوی الفروض کا مقررہ حصہ (سدس) بھی ملتا ہے اور وہ بچا ہوا مال بطور عصبہ بھی لیتا ہے، یہ بیک وقت کس صورت میں ہوتا ہے؟

میت کے سگے بھائی کی موجودگی میں

میت کی مذکر اولاد (بیٹے) کی موجودگی میں

میت کی صرف مؤنث اولاد کی موجودگی میں

میت کی ماں کی موجودگی میں

47. اخیافی (ماں شریک) بہن بھائیوں کے وراثتی حصے کا ایک منفرد قاعدہ کیا ہے جو دیگر عصبات یا ذوی الفروض میں نہیں پایا جاتا؟

مرد کو دوگنا حصہ ملتا ہے

مرد اور عورت کا حصہ برابر ہوتا ہے.

صرف مرد کو حصہ ملتا ہے

صرف عورت کو حصہ ملتا ہے

48. اخیافی (ماں شریک) بہن کس صورت میں ذوی الفروض سے نکل کر عصبہ بن جاتی ہے؟

اخیافی بھائی کی موجودگی میں

بیٹیوں کی موجودگی میں

حقیقی بہن کی موجودگی میں

کبھی عصبہ نہیں بنتی

49. ایک ہی درجے کی متعدد جداتِ صحیحہ (مثلاً نانی اور دادی) اکٹھی آجائیں، تو ان کے شرعی حصے (سدس) کا کیا حکم ہے؟

صرف دادی کو ملے گا

صرف نانی کو ملے گا

دونوں میں سدس برابر تقسیم ہو گا

دونوں محروم ہو جائیں گی

50. میت کے باپ کی موجودگی میں کون سی جدات محروم ہوتی ہیں اور کون سی وراثت پاتی ہیں؟

تمام جدات محروم ہو جاتی ہیں

ابویات محروم ہوتی ہیں، جبکہ امویات کو حصہ ملتا ہے

امویات محروم ہوتی ہیں اور ابویات کو حصہ ملتا ہے

کوئی بھی محروم نہیں ہوتی

## سوال نمبر2: صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔ (15 X 1 = 15)

1. آقا اور آزاد کردہ غلام میں جو قرابت شریعت کی طرف سے طے ہے اسے نسب کہتے ہیں۔
2. کسی کو ادھار دی ہوئی رقم میراث سے خارج ہے۔
3. تقسیم میراث کے مراحل آٹھ ہیں۔
4. میاں بیوی ذوی الفروض سببی ہیں۔
5. ایسا وارث جو کسی اور وارث کی وجہ سے محروم ہو، وہ دوسرے ورثاء کا حصہ کم یا ان کو محروم نہیں کرسکتا۔
6. حمل کی کم از کم مدت 9 مہینے اور زیادہ سے زیادہ مدت 36 مہینے ہے۔
7. اگر میت کی ماں موجود ہو تو تمام جدات محروم ہو جاتی ہیں۔
8. جدہ صحیحہ وہ جدہ ہے جس کا میت کے ساتھ رشتہ ہونے میں "نانا" آئے۔
9. دادا؛ دادی کو عصبہ بنادیتا ہے۔
10. عول والے مسئلے میں اگر کوئی عصبہ موجود ہو تو اسے سب سے پہلے حصہ دے دیں گے۔
11. اسلامی تعلیمات کے مطابق، انبیاء علیہم السلام کے مال میں قانونِ وراثت جاری نہیں ہوتا۔
12. آٹھ ورثاء ایسے ہیں جن کو میراث ملتی ہی ملتی ہے، ان کو کوئی بھی محروم نہیں کرسکتا۔
13. حمل کی مدت کا حساب شمسی اعتبار سے کیا جائے گا۔
14. اگر بچہ مردہ پیدا ہو، تو بھی اسے وراثت میں سے حصہ ملے گا۔
15. حمل کی صورت میں اگر دیگر ورثاء تاخیر پر رضامند نہ ہوں تو انہیں انتظار کرنے پر مجبور کیا جائے گا۔

## سوال نمبر3: کوئی سے دس سوالات کے مختصر جواب دیں۔ (10 X 2 = 20)

1. علم المیراث کے کتنے مآخذ ہیں؟
2. کیا حکومت یا کسی کمپنی کی طرف سے خاص ورثاء کو دیے جانے والے مال کو میراث میں شمار کیا جائے گا؟
3. ترکہ کی تقسیم کے کتنے مرحلے ہیں؟ سب کا نام لکھیں۔
4. کیا باپ بیک وقت ذوی الفروض اور عصبہ؛ دونوں ہو سکتا ہے؟ اگر ہاں! تو کیسے؟

5. کیا میت کے حقیقی بہن بھائیوں کی موجودگی میں اخیافیوں کے حصے پر کوئی فرق پڑتا ہے؟
6. ایک اخیافی بھائی اور ایک اخیافی بہن آجائیں تو اخیافی بھائی کو اخیافی بہن سے کتنے گنا میراث ملے گی؟
7. میت کے نواسے اور پوتی میں سے کون زوج یا زوجہ کے حصوں پر اثر انداز ہو سکتا ہے؟ اور کیوں؟
8. کیا میت کے باپ کی موجودگی میں بیٹی کے حصے پر کوئی فرق پڑتا ہے؟
9. باپ کی وجہ سے کون کون سی جدات محروم ہوتی ہیں اور ماں کی وجہ سے کون کون سی؟
10. عصبہ بنفسہ کی کتنی اقسام ہیں؟ سب کے نام لکھیں۔
11. مسئلہ منبریہ کیا ہے؟
12. کیا مسئلہ عائلہ میں عصبات کو کچھ حصہ ملتا ہے؟ وجہ بتائیں۔
13. کون کون سے ورثاء ایسے ہیں جو حجبِ حرمان کی زد میں نہیں آتے؟
14. ذوی الارحام کی چاروں اقسام کے نام لکھیں۔
15. مورث کی خدمت کرنے کی وجہ سے حقِ میراث میں کتنا اضافہ ہوتا ہے؟

**سوال نمبر 4: صرف دس اجزاء میں صحیح اور غلط کی نشاندہی کریں۔** **(15)**

انبیاء کرام علیہم السلام کی مالی میراث جاری ہوتی ہے یا نہیں؟ دلائل سے ثابت کریں۔

یا

میت نے 24 لاکھ روپے ترکہ چھوڑا۔ اس کے ورثاء میں درج ذیل لوگ شامل ہیں، ان میں سے ہر ایک کو کتنا کتنا حصہ ملے گا؟

اب الام – اب الاب – اب – دو بیٹے – چار بیٹیاں – دو زوجات – ام الاب – پانچ حقیقی بھائی – سات علاتی بہنیں – تین پوتے – چار پوتیاں

مسئلہ کاغذ یا موبائل پر حل کر کے یہاں صرف حصے یوں لکھیں:

مثلاً:

نام وارث: ام الام – حصہ: محروم

نام وارث: بیٹی - حصہ: نصف - بارہ لاکھ روپے

**ملحوظ:**

تمام سوالات کا حل لازمی ہے۔